03 دسمبر 2012ء

اسٹیٹ بینک نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں
ایس ایم ای وزرعی سرگرمیوں کی بحالی کے لیے ری فنانس اسکیم میں ایک سال کی توسیع کردی

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں ایس ایم ایز اور زرعی شعبے کی سرگرمیوں کی بحالی کے لیے ری فنانس اسکیم کے خاتمے کی تاریخ میں ایک سال کی توسیع کردی ہے اور اسے 30 نومبر 2012ء سے بڑھا کر 30 نومبر 2013ء کردیا گیا ہے۔

آئی ایچ اینڈ ایس ایم ای ایف ڈی کے آج جاری ہونے والے سرکلر لیٹر نمبر 13ء میں کہا گیا ہے کہ اسکیم کے تحت منتخب بینکوں کے لیے پہلے سے منظور شدہ ری فنانس کی حد بھی 30 نومبر 2013ء تک دستیاب رہے گی۔

سرکلر لیٹر میں مزید کہا گیا کہ بینک رترقیاتی مالی ادارے (ڈی ایف آئیز) اپنی موجودہ حد کو استعمال کرنے کے بعد اسے بڑھانے کے لیے درخواست بھی دے سکتے ہیں۔ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں برانچیں رکھنے والے دیگر بینک رڈی ایف آئیز جو اس میں دلچسپی رکھتے ہوں، وہ بھی اسٹیٹ بینک کے شعبہ آئی ایچ اینڈ ایس ایم ای ایف ڈی کو اسکیم کے تحت زراعت اور ایس ایم ایز کے لیے الگ الگ نئی حد کی منظوری حاصل کرنے کی درخواست دے سکتے ہیں۔

☆☆☆